ایک عورت دماغی اعتبار سے کچھ کمزور تھی تو اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے آپ سے کچھ حاجت ہے آپ نے کہا: "اے ام فلاں! تم سوچ کر بتاو کے کس راستے پر تم مجھ سے اپنی حاجت بیان کرنا چاہتی ہو, تاکے میں تمھاری حاجت پوری کرسکوں"

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت دماغی اعتبار سے کچھ کمزور تھی، تو، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے آپ سے کچھ حاجت ہے آپ نے کہا: "اے ام فلاں! تم سوچ کر بتاو کہ کس راستے پر تم مجھ سے اپنی حاجت بیان کرنا چاہتی ہو, تاکے میں تمھاری حاجت پوری کرسکوں" پھر ایک راستے میں آپ اس کے ساتھ لوگوں سے الگ ہوگئے، یہاں تک کے اسے جس ضرورت کے تعلق سے بات کرنی تھی، کر چکے
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

ایک عورت دماغی اعتبار سے کچھ کمزور تھی اس نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے آپ سے کچھ حاجت در پیش ہے آپ نے اس سے کہا: اے ام فلاں! کسی راستے کا انتخاب کر لو تاکے وہاں میں تمہارے ساتھ جا کر تمھاری حاجت سن کر اسے پورا کرسکوں پھر آپ اس کے ساتھ ایک عام راستے میں جاکر کھڑے ہو گئے تاکے اس کی حاجت پوری کرسکیں یاد رہے کے اسے اجنبی عورت کے ساتھ خلوت اختیار کرنے کے زمرے میں نہیں رکھا جا سکتا، کیونکے آپ عام گزرگاہ میں کھڑے تھے اور لوگ دونوں کو دیکھ رہے تھے بس اس کی بات نہیں سن رہے تھے یہ دراصل آپ کی تواضع اور امت کے ساتھ رحمت و شفقت کے برتاو کی ایک مثال ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10968